(12) قَطُّ (قُطُّ، قَطْ، قُطْ، قَطُ) ماضی منفی کیلئے آتا ہے مارایتہ قط

(13) عوض مستقبل کی نفی کیلئے آتا ہے (عَوضُ، عَوضِ) لا افربہ عوض

س الظروف المضافۃ الی الجملۃ مذکورہ عبارت کی وضاحت
کریں ؟

ج اس عبارت سے مراد یہ ہے کہ وہ ظروف معربہ جو جملہ (اسمیہ فعلیہ)
یا اِذ کی طرف مضاف ہوں تو ان کو مبنی بر فتح پڑھنا جائز ہے

یَومَ ینفع الصٰدقین صدقھم
یَومَئِذٍ، حِینَئِذٍ

وکذٰلک: مثل، غیر جبکہ یہ مَا، اَن، اَنَّ کیساتھ مل ہوئے
ہوں تو یہ بھی مبنی بر فتح ہونگے
مثلَ مَا انکم تنطقون، لم یمنع الشرب منھا غیرَ ان نطقت

المعرفة

س: معرفہ کی تعریف اور اس کی اقسام تحریر کریں؟

معرفہ کی تعریف:

مَا وُضِعَ لِشَیْءٍ بِعَیْنِہٖ (جس معین شے کے لیے وضع کیا گیا ہو)

معرفہ کی اقسام:

(1) مضمرات: اَنَا، اَنْتَ، ھو

(2) اعلام: مکّہ، زیدٌ، مدینہ

(3) مبہمات: (اسم اشارہ) ھٰذَا، ھٰذانِ (اسم موصول) الذی، الذین

(4) معرف باللام: (ال عہدی ہو جنسی ہو یا استغراقی ہو) الکتاب، الرجل، الانسان

(5) معرف بالنداء: یا رجل

(6) مضاف الی احدھا: (یہاں اضافت معنوی مراد ہے)

لنوٹ:

اسم اشارہ اور موصول کو مبہمات اس لیے کہتے ہیں کہ اسم اشارہ بغیر مشار الیہ کے اور اسم موصول بغیر صلہ کے نہیں آتا ہے

العلم

س: علم کی تعریف تحریر کریں؟

علم کی تعریف:-

مَا وُضِعَ لِشَیءٍ بِعَینِہٖ غَیرَ مُتَنَاوِلٍ
بِوَضعٍ وَاحِدٍ

جیسے کسی شئے معین کیلئے وضع کیا گیا اور وہ اپنے غیر کو وضع واحد کے اعتبار سے شامل نہ ہو۔

ضمیر میں اعرف ضمیر متکلم کی ہے پھر مخاطب پھر غائب کی

النکرہ

س: نکرہ کی تعریف تحریر کریں؟

ج: مَا وُضِعَ لِشَیءٍ لَا بِعَینِہٖ ۔ جیسے کسی غیر معین شئے کے لیے وضع کیا گیا ہو۔

اسمائے عدد کا بیان

س۱: اسمائے عدد کی تعریف مع اصول تحریر کریں؟

اسمائے عدد کی تعریف:

مَا وُضِعَ لِكَمِّيَّةِ آحَادِ الْأَشْيَاءِ (جسے وضع کیا گیا اشیاء کے افراد کی مقدار کیلئے)

اسمائے عدد کے اصول:

اسمائے عدد کے بارہ اصول ہیں

واحد سے عشرۃ تک یہ کل دس ہونگے

مائۃ اور الف یہ کل بارہ ہونگے،

س۲: مذکر مؤنث کے لیے اسمائے عدد کا مستعمل طریقہ تحریر کریں؟

(1) واحد، اثنان (مطابقِ قیاس) رجل واحدٌ، رجلان اثنان

(2) واحدۃ، اثنتان، ثنتان (مطابقِ قیاس) امرءۃ واحدۃ امرأتان ثنتان

(3) ثلاثۃ سے عشرۃ (خلافِ قیاس) ثلاثۃُ رجالٍ تسعۃ رجال

(4) ثلاث سے عشر (خلافِ قیاس) ثلاثُ نسوۃٍ تسع نسوۃ

(5) احد عشر، اثنا عشر (موافقِ قیاس) احد عشر رجلاً

(6) احدیٰ عشرۃ، اثنتا عشرۃ (موافق قیاس) احدیٰ عشرۃ امرأۃ

(7) ثلاثۃ عشر سے تسعۃ عشر (خلاف قیاس پہلا جزء) ثلاثۃ عشر رجلاً

(8) ثلاث عشرۃ سے تسعۃ عشر (خلاف قیاس پہلا جزء) ثلاث عشرۃ امرأۃ
نوٹ :-
بنو تمیم والے عشرۃ میں شین کو کسرہ دیتے ہیں
توالی حرکات سے بچنے کیلئے اور اہل حجاز والے شین کو
ساکن کر دیتے ہیں۔

(9) عشرون سے تسعون ایک ہی حالت پر رہتے ہیں
(1) احد وعشرون ، اثنا وعشرون رجلا (موافق قیاس)
(2) احدی وعشرون ، اثنتا وعشرون امرأۃ (موافق قیاس)

(10) مائۃ الف / مئتان ، الفان جب یہ دونوں
مضاف ہوں تو بلا فرق استعمال ہونگے مائۃ رجل
مئتا رجل ، الف رجل ، الفا رجل

س3 ثمانی کو کس طرح پڑھ سکتے ہیں۔

ج ثمانی کو تین طرح سے پڑھ سکتے ہیں (1) ثمانی [illegible] مبنی بر فتح
(2) ثمانی (سکون کیساتھ) (3) ثمان (یاء کے حذف
اور نون کے فتح کیساتھ)

س6 اسمائے عدد کی تمییز کس حالت میں ہوتی ہے بیان کریں؟

(1) ثلاثۃ سے عشرۃ کی تمییز جمع مجرور ہوتی ہے، ثلاثۃ رجال
ثلاثۃ رھط۔
نوٹ :- ثلاثمائۃ سے تسع مئۃ کی تمییز اگر مائۃ آئے تو وہ واحد
مجرور ہوگی یعنی ثلاث مائۃ سے تسع مائۃ جبکہ قیاس

کے مطابق مئات یا مئین ہونا چاہیے تھا۔

(2) احد عشر سے تسعۃ وتسعین تک کی تمییز مفرد منصوب ہوتی ہے جیسے احد عشر رجلاً، تسع وتسعون نعجۃً

(3) مائۃٌ، الف ان کے تثنیہ وجمع کی تمییز مفرد مجرور آتی ہے جیسے جاء مائۃ رجلٍ

س: ثلاثۃ اشخاص، ثلاث اشخاص میں کتنے احتمالات ہیں

ج: جب معدود مؤنث ہو اور لفظاً مذکر ہو یا اس کا عکس ہو تو دو صورتیں جائز ہیں

پہلی صورت:
جاء ثلاثۃ اشخاص من النساء
(لفظاً مؤنث — معنی مؤنث)

دوسری صورت:
جاء ثلاث اشخاص من الذکور
(مذکر — مذکر)

س: کیا واحد اور اثنان کی تمییز آتی ہے۔

ج: واحد اور اثنان کی تمییز نہیں آتی ہے کیونکہ لفظ صراحت اور وضاحت کا فائدہ دے رہا ہے جو کہ عدد سے مقصود ہے۔

س: تعبیر اور حال کے اعتبار سے اسم عدد کو کس طرح لایا جائے گا وضاحت سے بیان کریں؟

ج اور تو کہے گا اسم عدد کو باعتبار تفسیر کے الثانی ، الثانیۃ سے العاشر ، العاشرۃ ،
دو کرنے والا
تو اسی وجہ سے تو پہلے میں کہے گا ثالث اثنین ان دو کو تین کرنے والا یہ ثلثتھم سے ماخوذ ہے ★

اور تو کہے گا باعتبار حال الاول الثانی ، الاولی الثانیۃ سے عاشر ، عاشرۃ ، دسواں عدد والا
حادی عشر حادیۃ عشرۃ ، ثانی عشر ، ثانیۃ عشرۃ سے تاسع عشر تاسعۃ عشر ،
اور دوسرے میں کہے گا ، ثالث ثلاثۃ اور حادی عشر احد عشر اگر چاہے تو کہے گا حادی احد عشر سے تاسع تسعۃ عشر ،

س 8 تفسیر اور حال میں فرق بیان کریں

ج تفسیر میں اسم فاعل کے وزن پر اسم عدد کو بنایا جاتا ہے اور اس میں پہلا عدد بڑا ہوتا ہے دوسرا چھوٹا ہوتا ہے

حال میں پہلا عدد یا تو چھوٹا ہوگا یا دونوں برابر ہونگے ۔ برابر کی مثال ثالث ثلاثۃ
پہلا چھوٹا ہوگا اس کی مثال ثالث اربعۃ ،

17/1/19

مذکر مؤنث

س۱ - تانیث کی تعریف بیان کریں نیز علامۃ تانیث مع تانیث کی اقسام کے بیان کریں؟

ج - المؤنث ما فیہ علامۃ التانیث لفظاً او تقدیراً
جس میں علامت تانیث ہو لفظی یا تقدیری

علامت تانیث تین ہیں
(۱) گول تاء :- فاطمۃُ
(۲) الف مقصورہ :- حُبلٰی، سَلمٰی
(۳) الف ممدودہ :- حَمرَاءُ، حَمرَاءُ

اس کی دو قسمیں ہیں
(۱) حقیقی :-
جس کے مقابلے میں نر جاندار ہو مثلاً
اِمرَءۃٌ نَاقَۃٌ

(۲) لفظی :-
جس کے مقابلے میں نر جاندار نہ ہو جیسے
ظلمۃ (اندھیرا) عین (چشمہ)

س۲ - جب فعل کی اسناد مؤنث کی طرف ہو یا ظاہر غیر حقیقی کی طرف ہو یا ظاہر جمع کی طرف تو فعل کو کس طرح لائیں گے؟

ج - پہلی صورت یعنی جب فعل کی اسناد مؤنث کی طرف ہو تو فعل واحد مؤنث ہو گا جیسے ذھبت فاطمۃ / فاطمۃ ذھبت / الشمس طلعت

اگر فعل کی اسناد فاعل ظاہر ضمیر غیر حقیقی کی طرف ہو تو تجھے فعل مذکر مؤنث لانے میں اختیار ہے

مثلاً:- طلع الشمس ، طلعت الشمس ۔

اگر فعل کی اسناد فاعل ظاہر جمع علاوہ مذکر سالم کی طرف کر دی جائے تو یہ غیر حقیقی کی طرح ہے

مثلاً جاء الرجال جاءت الرجال

جاء / جاءت النساء

مضی / مضت الایام ۔

س: اگر فاعل ضمیر ہو تو فعل کا کیا حکم ہے ؟

ج: اگر فاعل اسم ضمیر ہو تو اگر وہ مذکر ہو تو فعل جمع مذکر اور واحد مؤنث لا سکتے ہیں ۔

مثلاً:- الرجال جاءت / جاءو

اگر فاعل اسم ضمیر ہو تو اگر وہ مؤنث ہے تو فعل جمع مؤنث اور واحد مؤنث دونوں طرح سے آ سکتا ہے ۔

مثلاً:- النساء جاءت / جئن

الایام مضت / مضین

تثنیہ کا بیان

س: مثنی کی تعریف بیان کریں نیز اسم مقصور و ممدود سے تثنیہ بنانے کا طریقہ بیان کریں؟

مثنی کی تعریف:-
جس کے آخر میں الف یا یا ماقبل مفتوح اور نون مکسورہ ہو۔ تاکہ وہ اس بات پر دلالت کرے کہ اس کے ساتھ اس کی جنس سے اس کے مثل اور بھی ہیں

مثلاً:- رَجُلَيْنِ ، رَجُلَانِ

اسم مقصور سے تثنیہ بنانے کا طریقہ:-
اسم مقصور کا الف اگر واؤ سے تبدیل شدہ ہو اور اسم مقصور ثلاثی ہو تو تثنیہ بناتے وقت اسے واؤ سے بدلیں گے،
مثلاً عَصَا سے عَصَوَان ، اِلیٰ سے اِلْوَان
اگر الف واؤ سے تبدیل شدہ نہ ہو تو پھر تثنیہ بناتے وقت الف کو یاء سے بدلیں گے
مثلاً:- رَحیٰ سے رَحیَان ، مَثنیٰ سے مَثنَیَان

اسم ممدود سے تثنیہ بنانے کا طریقہ:-
اسم ممدود کا ہمزہ اگر اصلی ہو تو تثنیہ بناتے وقت اسے باقی رکھیں گے،
مثلاً:- قُرَّاءٌ سے قُرَّاءَانِ ★
اگر ہمزہ تانیث کا ہو تو اسے واؤ سے بدلیں گے
مثلاً:- حمراء سے حمراوان ، صحراء سے صحراوان
اگر ہمزہ نہ اصلی ہو نہ تانیث کا ہو بلکہ واؤ سے تبدیل شدہ ہو تو اس میں دو صورتیں جائز ہیں

پہلی صورت:

ہمزہ کو باقی رکھ کر پڑھنا مثلاً کساءان

دوسری صورت:

ہمزہ کو واؤ سے بدل کر پڑھنا مثلاً کساوان

س تثنیہ کے نون کو کب حذف کیا جاتا ہے نیز تاء تانیث کو کس میں حذف کرتے ہیں؟

ج تثنیہ کے نون کو اضافت کی وجہ سے حذف کیا جاتا ہے جیسے غلاما زید۔

تاء تانیث کو حذف کیا جاتا ہے خلافِ قیاس خصیان اور الیان میں ★

جمع کا بیان

س: جمع کی تعریف بیان کریں نیز جمع کی کتنی قسمیں ہیں بیان کریں؟

ج: جو دلالت کرے ایسے افراد پر جو مقصود ہو حروف مفردہ سے کچھ تبدیلی کیساتھ جیسے رجل سے رجال

نوٹ:- تمر اور رکب جمع نہیں ہیں اصح قول کے مطابق بلکہ تمر اسم جنس ہے اور رکب اسم جمع ہے اور فلک جمع ہے کہ اس کا مفرد میں ضمہ قفل کے ضمہ کی طرح ہے اور جمع میں اُسد کی طرح ہیں۔

جمع کی دو قسمیں ہیں

(1) صحیح:- جس میں واحد کی بناء سلامت ہو

(2) مکسر:- جس میں واحد کی بناء سلامت نہ ہو

س: جمع صحیح کی کتنی قسمیں ہیں؟

ج: جمع صحیح مذکر و مؤنث دونوں کیلئے آتے ہیں

مذکر:- جس کے آخر میں واؤ ماقبل مضموم یا یاء ماقبل مکسور اور نون مفتوحہ ہو تاکہ وہ دلالت کرے کہ اس کے ساتھ اس کی جنس سے اور بھی ہیں۔

مثلاً مسلمون، مسلمین،

س3 اسم مقصور و منقوص سے جمع بنانے کا طریقہ تحریر کریں ؟

ج اسم منقوص سے جمع بنانے کا طریقہ :

اگر مفرد کے آخر میں یاء
ما قبل مکسور ہو جیسے قاضی تو یاء کو حذف کریں گے
مثلاً قاضی سے قاضون

اسم مقصور سے جمع بنانے کا طریقہ :

اسم مقصور میں
جمع بناتے وقت الف کو حذف کرتے ہیں اور الف کا
ما قبل مفتوح باقی رہتا ہے
مثلاً مصطفی سے مصطفون

س4 واؤ نون سے جمع بنانے کی شرائط تحریر کریں ؟

ج اگر جمع صفت کی بنائے تو اس کیلئے مذکر عاقل ہونا شرط
ہے تو حائض کی جمع حائضون اور جبل شامخ
کی جمع جبال شامخون نہیں آئے گی ،
اور تیسری شرط کہ صفت کا صیغہ افعل کے وزن پر نہ آتی ہو
جس کی مؤنث فعلاء کے وزن پر آئے مثلاً احمر، حمراء۔

چوتھی شرط کہ وہ فعلان جس کی مؤنث فعلی کے وزن
پر آتی ہو نہ ہو جیسے سکران سکری

پانچویں شرط کہ اس میں مذکر مؤنث برابر نہ ہو مثلاً جریح
صبور

چوتھی شرط یہ وہ تاء تانیث کے ساتھ ملتبس نہ ہو

مثلاً علامۃ

اگر جمع اسم کی ہو تو اس کا مذکر علم ہونا اور عاقل
ہونا شرط ہے

مذکر علم کی مثال عیسیٰ، احمد، یعقوب کی جمع واؤ
نون سے نہیں آئے گی

عاقل کی مثال

مؤنث

س: جمع مؤنث بنانے کا طریقہ مع شرائط تحریر کریں؟

ج: جس کے آخر میں الف اور تاء کا اضافہ کر دیا جائے
مثلاً مسلمۃ سے مسلمات۔

شرائط:

اگر جمع صفت کی ہو اور اس کیلئے مذکر ہو تو اس کے مذکر کی جمع واؤ نون سے آنا شرط ہے
مثلاً حمراء اور سکری کی جمع الف تاء سے نہیں آئے گی *

اگر اس کیلئے مذکر نہ ہو تو اس کی شرط یہ ہے کہ وہ تاء سے خالی نہ ہو۔
مثلاً حائض کی جمع حائضات نہیں آئے گی

اگر جمع اسم کی ہو تو کوئی شرط نہیں
مثلاً ھندات، غرفات، ثمرات، رعدات۔

جمع التکسیر

س: جمع تکسیر کی تعریف بیان کیجیئے نیز جمع قلۃ و کثرۃ کے اوزان مع امثلہ تحریر فرمائیں۔

ج: جمع مکسر کی تعریف:-

مَا تُغَيَّرُ بِنَاءُ وَاحِدِهِ

جس کے واحد کی بناء متغیر / تبدیل ہو جائے

مثلاً رجل سے رجال فرس سے افراس

جمع قلت کے اوزان:-

(1) أَفْعُلٌ أَرْجُلٌ رِجل کی جمع

(2) أَفْعَالٌ أَقْلَامٌ قلم کی جمع

(3) أَفْعِلَةٌ أَرْغِفَةٌ رَغِيْفٌ کی جمع

(4) فِعْلَةٌ غلام کی جمع غِلْمَةٌ

(5) ومادہ فراء کے نزدیک فَعَلَةٌ أَكَلَةٌ آکل کی جمع

(6) بعض کے نزدیک أَفْعِلَاءُ أَصْدِقَاءُ صدیق کی جمع

جمع کثرت کے اوزان:-

(1) فُعُوْلٌ (قُرُوْءٌ)

(2) فُعَّالٌ (خُدَّامٌ) (3) فَعَايِلُ (مَسَاجِدُ)

(4) فَعَالِيْلُ (جَرَابِيْمُ) (5) أَفَاعِيْلُ (أَنَاعِيْمُ) وغیرہ

جمع کثرت:-

جو دس سے آخر تک دلالت کرے

س: مصدر کی تعریف بیان کریں نیز اس کا عمل بیان کریں؟

ج: مصدر ایسا اسم ہے جو حدث کیلئے آتا ہے اور جاری ہوتا ہے فعل پر مثلاً ضرب، سمع، نصر وغیرہ

یہ ثلاثی مجرد سے سماعی طور پر آتا ہے مثلاً ضرب، فتح، وغیرہ

غیر ثلاثی مجرد سے قیاسی طور پر آتا ہے مثلاً افعال، افتعال وغیرہ۔

مصدر کا عمل:

مصدر اپنے فعل کا عمل کرتا ہے جبکہ مفعول مطلق نہ ہو اور اسکا معمول اس پر مقدم نہ ہو اور اس میں ضمیر نہ ہو اور فاعل کو ذکر کرنا لازم نہ آئے مثلاً

اعجبنی زیدٌ ضربُ بکرٍ یہ درست نہیں کہ معمول (فاعل) مقدم ہے

ضربی زیداً لیس بحسن جائز ہے اور کیونکہ اس میں ضمیر بارز ہے

عجبت من ضرب زیداً

مصدر مفعول مطلق نہ ہو مثلاً اکرمت اکراماً زیداً

مصدر کا بیان

س: کیا مصدر کی اضافت کرنا جائز ہے نیز اگر مصدر مفعول مطلق یا بدل ہو تو کیا حکم ہے؟

ج: مصدر کی اضافت فاعل کی طرف کرنا جائز ہے مثلاً اعجبنی شرب بکر ماءً
کبھی کبھی مفعول کی طرف بھی اضافت کر دی جاتی ہے مثلاً
ضرب اللص الجلادُ، ضربُ یوم السبت
مصدر کا الف لام کے ساتھ عمل کرنا قلیل ہے
مثلاً لا یحب اللہ الجھر بالسوء من القول الا من ظلم

مصدر اگر مفعول مطلق ہو تو عمل فعل کیلئے ہوگی
مثلاً اکرمت اکراماً زیداً
مصدر اگر بدل ہو تو دو صورتیں جائز ہے
(1) عمل فعل محذوف کیلئے ہو مثلاً سقیاً لہ
(2) عمل مصدر کیلئے ہو، مثلاً حمداً لہ

اسم فاعل کا بیان

س: اسم فاعل کی تعریف بیان کریں نیز اسم فاعل کے بنانے کا طریقہ مع عمل کی شرائط کے بیان کریں؟

ج: **اسم فاعل کی تعریف:**

مَا اشْتُقَّ مِنْ فِعْلٍ لِمَنْ قَامَ بِهِ بِمَعْنَى الْحُدُوْثِ

جو فعل سے مشتق ہو اس کیلئے جس کے ساتھ فعل قائم ہو معنی حدوثی کیساتھ

مصنف نے فعل ذکر کر کے بتایا کہ اسم فاعل مصدر سے نہیں بنتا۔ بہ کی قید سے صفت مشبہ کے علاوہ بقیہ سب تعریف سے نکل گئے مثلاً اسم مفعول، تفضیل آلہ وغیرہ

بمعنی الحدوث کی قید سے صفت مشبہ نکل گیا۔

اسم فاعل بنانے کا طریقہ:

اسم فاعل ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے مثلاً ضارب فاتح، سامع، ناصر، قاتل وغیرہ

غیر ثلاثی مجرد سے مضارع کے وزن پر آتا ہے مگر علامت مضارع کی جگہ میم اور ماقبل آخر مکسور ہوتا ہے مثلاً مدخل، مستغفر۔

اسم فاعل کا عمل مع شرائط:

اسم فاعل اپنے فعل کا عمل کرتا ہے اس عمل کیلئے شرطیں ہیں۔

(1) اسم فاعل حال یا مستقبل کے معنی میں ہو

(2) اسم فاعل اپنے صاحب یعنی مبتدا، موصول موصوف، ذوالحال پر اعتماد کیے ہوئے ہو

مثلاً زید ذاھب ابوہ، جاء الذاھب ابوہ

جاء رجل ذاھب اخوہ، یذھب راکبًا غلامہ

یا ھمزہ یا ما پر اعتماد کیئے ہوئے ہو مثلاً اضارب زید بکرًا، ما ضارب زید بکرًا

س2: اگر اسم فاعل ماضی کیلئے آئے تو کیا حکم ہے نیز اگر اس کا دوسرا معمول آجائے تو کیا حکم ہے؟

ج: اگر اسم فاعل ماضی کیلئے آئے تو عمل اس کی اضافت واجب ہے برخلاف امام کسائی کے تو زید ضارب بکرٍ امس نہیں کہا جائے گا★

اگر اسم فاعل کیلئے دوسرا معمول آجائے تو عمل اس کے فعل کیلئے ہوگا جو کہ محذوف ہوگا جیسے زید معطی عمرو درھمًا امس

درھمًا فعل محذوف اعطی کی وجہ سے منصوب ہے

س3: اگر اسم فاعل پر الف لام آجائے تو کیا حکم ہے نیز مبالغہ کے اوزان تحریر کریں

ج: اگر اسم فاعل پر الف لام آجائے تو وہ تمام زمانوں میں برابر ہے مثلاً مررت بالضارب ابوہ زیدًا امس

اسم مبالغہ کے اوزان

فراب، فروب، مفراب

علیم، حذر یہ اسم فاعل کی مثل نہیں ہے

اور اسم فاعل و مبالغہ کی تثنیہ و جمع اسم فاعل کے مفرد کی طرح ہیں

س: کیا اسم فاعل و مبالغہ کے تثنیہ و جمع کے نون کو حذف کرنا جائز ہے

ج: جی ہاں یہ جائز ہے
مثلاً المقیمی الصلوۃ
مگر اس کی دو شرطیں ہیں (1) اسم فاعل و مبالغہ کا تثنیہ و جمع مفعول میں عمل کر رہیں ہو (2) وہ ~~مفعول~~ معرف بلام ہو

اسم مفعول کا بیان

س: اسم مفعول کی تعریف بیان کریں نیز اس کا صیغہ مع شرائط کے تحریر کریں؟

ج: اسم مفعول وہ:
جسے فعل سے مشتق کیا گیا ہو اس کیلئے
جس پر فعل واقع ہو مثلاً مضروب
اس کا صیغہ ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے
غیر ثلاثی سے فاعل کے وزن پر آتا ہے مگر ماقبل آخر
مفتوح ہوتا ہے مثلاً منصور ، مستخرج

اس کے عمل کی وہی شرائط ہیں جو اسم فاعل کی ہیں
مثلاً زید معطی غلامہ درھما

صفت مشبہ کا بیان

صفت مشبہ کے مسائل کی وجہ حصر

صفت مشبہ کے اٹھارہ مسائل ہیں اس لئے کہ صفت مشبہ یا تو معرف باللام ہوگا مثلاً الحسن، یا الف لام سے خالی ہوگا مثلاً حَسَنٌ، پھر ان میں سے ہر ایک کے معمول کی تین شکلیں ہیں۔

(1) یا تو وہ مضاف ہوگا جیسے الحسن وجھہٖ، حسنٌ وجھہٖ

(2) یا معرف بلام جیسے الحسنُ الوجہ، حسن الوجہ

(3) یا اضافت اور الف لام سے خالی ہوگا جیسے الحسن وجہٌ، حسن وجہٌ

پھر ان میں سے ہر صورت میں معمول کی تین شکلیں ہیں

(1) یا تو وہ مرفوع ہوگا فاعل ہونے کی بناء پر مثلاً الحسن وجھہٗ، حسنٌ وجھہٗ، الحسن الوجہُ، حسن الوجہُ، الحسن وجہٌ، حسن وجہٌ

(2) یا منصوب ہوگا اگر وہ اسم معرفہ ہے تو مشابہ بالمفعول ہونے کی بناء پر ورنہ تمیز کی بناء پر منصوب ہوگا مثلاً الحسن وجھہٗ، حسن وجھہٗ، الحسن الوجہَ، حسن الوجہَ، الحسن وجھاً، حسن وجھاً۔

(3) یا مجرور ہوگا اضافت کی بناء پر مثلاً الحسن الوجہِ، حسن وجہِہٖ، الحسن الوجہِ، حسن الوجہِ، الحسن وجہٍ، حسن وجہٍ

مسائل

یہ کل اٹھارہ شکلیں ہوگئیں جن کی تفصیل یہ ہے

(1) صفت مشبہ غیر معرف بلام ہو اور اسکا معمول مضاف مرفوع ہو مثلاً حَسَنٌ وجھُہٗ (احسن)

(2) صفت مشبہ غیر معرف بلام ہو اور معمول مضاف منصوب ہو، مثلاً حسنٌ وجھَہٗ (حسن)

(3) صفت مشبہ غیر معرف بلام ہو اور اس کا معمول مضاف مجرور ہو، مثلاً حسنُ وجھِہٖ (مختلف فیہ)

(4) صفت مشبہ غیر معرف بلام ہو اور اس کا معمول معرف بلام مرفوع ہو
مثلاً حسن الوجہُ (قبیح)

(5) صفت مشبہ غیر معرف بلام ہو اور اسکا معمول معرف بلام منصوب ہو
مثلاً حسن الوجہَ (احسن)

(6) صفت مشبہ غیر معرف بلام ہو اور اسکا معمول معرف بلام مجرور ہو
مثلاً حسن الوجہِ (احسن)

(7) صفت مشبہ غیر معرف بلام ہو اور اسکا معمول مرفوع اضافت اور الف لام سے خالی ہو مثلاً حسن وجہٌ (قبیح)

(8) صفت مشبہ غیر معرف بلام ہو اور اس کا معمول منصوب اضافت اور الف لام سے خالی ہو مثلاً حسن وجھاً (احسن)

(9) صفت مشبہ غیر معرف بلام ہو اور اسکا معمول مجرور اضافت اور الف لام سے خالی ہو مثلاً حسن وجہٍ (احسن)

یہ نو شکلیں صفت مشبہ غیر معرف بلام کی اسی طرح نو معرف بلام کی بھی ہیں

(10) صفت مشبہ معرف بلام ہو اور اسکا معمول مضاف مرفوع ہو
مثلاً الحسن وجھُہ (احسن)

(11) صفت مشبہ معرف بلام ہو اور اس کا معمول مضاف منصوب ہو
مثلاً الحسن وجھَہ (حسن)

(12) صفت مشبہ معرف بلام ہو اور اسکا معمول مضاف مجرور ہو
مثلاً الحسنُ وجھِہ (ممتنع)

(13) صفت مشبہ معرف بلام ہو اور اسکا معمول معرف بلام مرفوع ہو
مثلاً الحسن الوجہُ (قبیح)

(14) صفت مشبہ معرف بلام ہو اور اسکا معمول معرف بلام منصوب ہو
مثلاً الحسن الوجہَ (احسن)

(15) صفت مشبہ معرف بلام ہو اور اسکا معمول معرف بلام مجرور ہو
مثلاً الحسن الوجہِ (احسن)

(16) صفت مشبہ معرف بلام ہو اور اسکا معمول مرفوع اضافت اور الف لام سے خالی ہو مثلاً الحسن وجہٌ (قبیح)

(17) صفت مشبہ معرف بلام ہو اور اسکا معمول منصوب اضافت اور الف لام سے خالی ہو مثلاً الحسن وجھاً (احسن)

(18) صفت مشبہ معرف بلام ہو اور اسکا معمول مجرور اضافت اور الف لام سے خالی ہو مثلاً الحسن وجہٍ (ممتنع)

ان اٹھارہ شکلوں کی پانچ قسمیں ہیں

(1) ممتنع دو ہیں (12) اور (18)


(2) مختلف فیہ ایک ہے (3)

(3) احسن 9 ہیں 1, 5, 6, 8, 9, 10, 12, 14, 15, 17

(4) حسن 2 ہیں نمبر (2) (11)

(5) قبیح 4 ہیں نمبر (4) (7) (13) (16)

ممتنع


صفت مشبہ
صفت مشبہ معرف بلام ہوگا
الحسن
غیر معرف بلام ہوگا
حسن
مجرد
الحسن وجہ
معرف بلام
الحسن الوجہ
معمول مضاف
الحسن وجہہ
1 مرفوع الحسن وجہہ (الحسن)
2 منصوب الحسن وجہہ (حسن)
3 مجرور الحسن وجہہ (ممتنع)
4 مرفوع الحسن الوجہ قبیح
5 منصوب الحسن الوجہ احسن
6 مجرور الحسن الوجہ احسن
7 مرفوع الحسن وجہ قبیح
8 منصوب الحسن وجہا احسن
9 مجرور الحسن وجہ ممتنع
معمول مضاف
حسن وجہہ
معمول معرف بلام
حسن الوجہ
خالی
حسن وجہ
10 مرفوع حسن وجہہ (احسن)
11 منصوب حسن وجہہ (حسن)
12 مجرور حسن وجہہ مختلف فیہ
13 مرفوع حسن الوجہ قبیح
14 منصوب حسن الوجہ (احسن)
15 مجرور حسن الوجہ احسن
16 مرفوع حسن وجہ قبیح
17 منصوب حسن وجہا احسن
18 مجرور حسن وجہ احسن

اسم تفضیل کا بیان

س: اسم تفضیل کی تعریف بیان کریں؟

ج: مَا اشْتُقَّ مِنْ فِعْلٍ لِمَوْصُوْفٍ بِزِيَادَةٍ عَلٰى غَيْرِهٖ
جو فعل سے بنایا گیا ہو موصوف کیلئے غیر پر زیادتی کیلئے

* اسم تفضیل اَفْعَلُ کے وزن پر آتا ہے

س: اسم تفضیل کی شرائط مع ثلاثی و غیر ثلاثی سے بنانے کے طریقے بیان کریں نیز اسم تفضیل میں قیاس کیا ہے *

ج: اسم تفضیل کے ~~ثلاثی مجرد سے~~ اَفْعَلُ کے وزن پر بنانے کیلئے شرط ہے کہ اسے ثلاثی مجرد سے بنایا جائے
دوسری شرط کہ اس میں عیب و رنگ کا معنی نہ ہو کیونکہ ان میں اَفْعَلُ کا وزن اسم تفضیل کے علاوہ کے ساتھ خاص ہے

مثلاً زَیْدٌ اَفْضَلُ النَّاسِ

اگر اسم تفضیل غیر ثلاثی و رنگ و عیب سے بنایا جائے تو اس سے پہلے اَشَدُّ لگاتے ہیں پھر اس کے مصدر کو منصوب ذکر کرتے ہیں

مثلاً ھُوَ اَشَدُّ مِنْہُ اِسْتِخْرَاجًا، بَیَاضًا، عَمًی

قیاس:

اسم تفضیل میں قیاس یہ ہے کہ اسے فاعل کیلئے بنایا جائے مگر کبھی کبھی وہ مفعول کیلئے بھی آتا ہے مثلاً اَعْذَرُ ا مَعْذُوْرٌ)

اَلْوَمُ (کثیر ملامت کیا ہوا) اَشْغَلُ (زیادہ مشغول)
اَشْهَرُ (زیادہ مشہور)

س⁸ اسم تفضیل کے استعمال کے طریقے بیان کریں؟

ج اسم تفضیل کے استعمال کے تین طریقے ہیں اور وہ ان میں سے کسی ایک سے استعمال ہوتا ہے
(1) اسم تفضیل مضاف ہو مثلاً زَیْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ
(2) اسم تفضیل مِنْ کے ساتھ آئے مثلاً زَیْدٌ اَفْضَلُ مِنْ بَکْرٍ
(3) اسم تفضیل معرف باللام ہو مثلاً جَاءَنِیْ زَیْدٌ الْاَفْضَلُ

زَیْدٌ الْاَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو اور زید افضل دونوں صورتیں نا جائز ہیں کہ پہلے میں مِنْ اور الف دونوں ہیں جو کہ جائز نہیں
جبکہ دوسرے میں مفضل علیہ مذکور نہیں ہے
دوسری صورت جب جائز ہے جب مفضل علیہ معلوم ہو مثلاً اللّٰہُ اَکْبَرُ (مِنْ کُلِّ شَیْءٍ)

س⁹ جب اسم تفضیل کو مضاف کر دیا جائے تو اس کی کتنی صورتیں / معانی ہیں بیان کریں؟

ج جب اسم تفضیل مضاف ہو تو اس کے دو معنی ہیں
(1) کہ تو اسم تفضیل سے زیادتی کا قصد کرے جس کی طرف اس کی اضافت کی گئی ہے اس پر مثلاً اکرم القوم
تو اس صورت میں شرط ہے کہ اسم تفضیل ان میں سے ہو مثلاً زید اَفْضَلُ النَّاسِ (یہ کثیر الاستعمال ہے)

تو یہ مثال یُوسُفُ أَحسن إِخوتہ جائز نہیں
کیونکہ یوسف علیہ السلام اپنے بھائیوں سے خارج
ہیں۔ بھائیوں کی یوسف علیہ السلام کی طرف اضافت کی
وجہ سے ★

(2) کہ تو حرف مطلق زیادتی کا قصد کرے اور مضاف ہوگا
وضاحت کیلئے تو یہ مثال جائز ہے یوسف
احسن اخوتہ

پہلی قسم میں اسم تفضیل کو مفرد اور مطابق لانا
دونوں جائز ہیں مثلاً زید افضل القوم الزیدان
افضل القوم، الزید، الزیدان، الزیدون، فضل
القوم ★

دوسری قسم اور معرف بلام میں مطابقت ضروری
ہے مثلاً جاء زید الافضل الزیدان الافضلان
والزیدون الافضلون ،

نمبر ۶۱ [illegible] چشتیہ [illegible]

الفعل کا بیان

س: فعل کی تعریف مع خواص بیان کریں؟

ج: **تعریف:-** مَا دَلَّ عَلٰی مَعْنًی فِیْ نَفْسِہٖ مُقْتَرِنٍ بِاَحَدِ الْاَزْمِنَۃِ الثَّلَاثَۃِ ٭

جو بذات خود اپنے معنی پر دلالت کرے اور تین زمانوں میں سے کسی ایک سے ملا ہوا ہو ٭

خواص:-

(1) قد (2) سین (3) سَوف

(4) جو وجزم (5) تاء تانیث کا داخل ہونا

مثلاً (1) قد جاء (2) سیعلمون (3) سوف یعلمون

(4) لم یضرب (5) ضربَتْ

ماضی

س: فعلِ ماضی کی تعریف تحریر کریں؟

ج: جو زمانہ حال سے پہلے والے زمانے پر دلالت کرے فعل ماضی مبنی بر فتح ہوگا مثلاً ضَرَبَ جبکہ ضمیر مرفوع متحرک اور واو جمع نہ ہو۔ مثلاً ضَرَبْتَ، ضَرَبُوْا وغیرہ۔

مضارع کا بیان

س: فعل مضارع کی تعریف نیز حروف مضارع کون سے ہیں اور کتنے صیغوں پر آتے ہیں مع حکم تحریر کریں۔

فعل مضارع کی تعریف:-

جو حال یا مستقبل کے زمانے پر دلالت کرے ★

حروف مضارع چار ہیں جن کا مجموعہ اَتَیْنَ / نَاْیتَ / تَاْتِیْ وغیرہ ہے۔

حروف اَتَیْنَ کی تفصیل:-

(1) ہمزہ:- ایک صیغہ واحد متکلم میں آتا ہے ★ اَضْرِبُ

(2) نون:- ایک صیغہ جمع متکلم میں آتا ہے نَضْرِبُ

(۵) تا :
مبنی ملب کے چھ صیغوں اور واحد و تثنیہ مؤنث غائب کے صیغوں کے شروع میں آتی ہے
تضرب، تضربان، تضربون، تضربین،
تضربان، تضربن، تضرب، تضربان،

(۶) یا :
چار صیغوں کے شروع میں آتا ہے تین مذکر غائب ایک جمع مؤنث غائب
یضرب یضربان، یضربون، یضربن

فعلِ مضارع کا حکم :
فعل مضارع کے علاوہ کوئی بھی فعل معرب نہیں ہوتا

س: علامتِ مضارع کا اعراب بیان کریں۔

ج: اگر ماضی میں چار حروف ہونگے تو علامتِ مضارع مضموم ہوگی
مثلاً دحرج سے یُدحرج، قابل سے یُقابل

اگر چار حروف نہ ہو تو علامتِ مضارع مفتوح ہوگی
تقابل سے یتقابل ضرب سے یَضرب

س: فعل مضارع کے اعراب تحریر کریں؟

ج: فعل مضارع کے تین اعراب ہیں رفع، نصب، جزم

فعل مضارع معرب کی چار قسمیں ہیں

(1) صحیح :

جو ضمیر بارز مرفوع تثنیہ جمع و مخاطب اور نون اعرابی سے خالی ہو۔

اس کی حالتِ رفعی ضمہ سے نصبی فتحہ سے اور جزمی حالت سکون سے آتی ہے ★

حالتِ رفعی	حالتِ نصبی	حالتِ جزمی
یَنصُرُ	لن یَنصُرَ	لم یَنصُرْ

(2) مضارع نونِ اعرابی :

حالتِ رفعی ثبوتِ نون اور حالتِ نصبی و جزمی حذفِ نون کے ذریعہ آتی ہے ★

حالتِ رفعی	حالتِ نصبی	حالتِ جزمی
یَنصُرُونَ	لن یَنصُرُوا	لم یَنصُرُوا

(3) ناقص واوی یا یائی :

حالتِ رفعی ضمہ تقدیری، حالتِ نصبی فتحہ لفظی اور حالتِ جزمی حذفِ آخر سے آتی ہے ★

حالتِ رفعی	حالتِ نصبی	حالتِ جزمی
یدعُوْ ، یرمِی	لن یدعُوَ لن یرمِیَ	لم یدعُ لم یرمِ

(4) ناقص الف :

حالتِ رفعی ضمہ تقدیری سے حالتِ نصبی فتحہ تقدیری اور حالتِ جزمی حذفِ آخر سے آتی ہے

حالتِ رفعی	حالتِ نصبی	حالتِ جزمی
یرضٰی	لن یرضٰی	لم یرضَ

نوٹ :- جب فعل مضارع عامل منصوب اور مجزوم سے خالی ہو تو مرفوع ہو گا۔

س: فعل مضارع کب منصوب اور کب مجزوم ہو گا؟

ج: جب عامل نصب فعل مضارع سے پہلے ہو تو فعل مضارع منصوب ہو گا اور جب عامل جزم ہو تو فعل مضارع مجزوم ہو گا۔

عامل منصوب :- اَنْ ، لَنْ ، کَیْ ، اِذَنْ اور اَنْ مقدر ہوتا حتی ، لام کی ، لام جحود ، فاء ، واؤ اور او کے بعد۔

عامل مجزوم :- لَمْ ، لَمَّا ، لام امر ، لا نہی ، اور کلم مجازاۃ ۔

س: عامل منصوب کو تفسیر سے تحریر کریں؟

① اَنْ :- وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّکُمْ

⇐ وہ اَنْ جو علم ، رویۃ اور یقین کے معنی کے بعد واقع ہو تو وہ اَنْ مثقلہ سے مخففہ ہوتا ہے۔ جیسے عَلِمْتُ اَنْ سَیَقُوْمُ

⇐ جب اَنْ ظن کے بعد آئے تو اس اَنْ کو مخففہ اور مثقلہ دونوں پڑھنا جائز ہے۔

② لَنْ :- مستقبل کی نفی کیلئے آتا ہے ، جیسے لَنْ اَبْرَحَ

③ اِذَنْ :- اس کے لئے دو شرطیں ہیں ۔ ① ما بعد اِذَنْ ماقبل اِذَنْ کا اعتماد نہ کرے ② اِذَنْ فعل مضارع پر داخل ہو۔

اِذَن تَدْخُلَ الجَنَّۃَ

-> اگر اِذن جب واؤ اور فاء کے ساتھ آئے تو جیسے یہاں نصب و رفع جائز ہے۔ وَاِذًا لَّا یَلْبَثُوْنَ خِلٰفَکَ اِلَّا قَلِیلًا۔

(4) کَیْ :- اس کا ماقبل مابعد کا سبب ہوتا ہے۔ اَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الجَنَّۃَ

(5) اَنْ مقدرہ :- (1) حتّٰی (2) لام کَیْ (3) لام جحود (4) فاء (5) واؤ (6) اَوْ

(1) حتّٰی :- اس کا مابعد ماقبل کے اعتبار سے مستقبل ہو، کَیْ بمعنی یا اِلٰی کے معنی میں ہو۔ اَسْلَمْتُ حَتّٰی اَدْخُلَ الجَنَّۃَ یہاں حتّٰی کَیْ کے معنی میں ہے اور اس کا مابعد ماقبل کے اعتبار سے مستقبل ہے۔

كُنْتُ سِرْتُ حَتّٰی اَدْخُلَ البَلَدَ (حتّٰی بمعنی کَیْ اور اِلٰی) اَسِیْرُ حَتّٰی تَغِیْبَ الشَّمْسُ (حتّٰی بمعنی اِلٰی)

-> اگر حتّٰی کے مابعد فعل سے زمانہ حال حقیقی یا حال حکایتی کا ارادہ کیا جائے تو حتّٰی حرف ابتداء کہلائے گا اور یہ رفع بھی دیتا ہے اس کے لئے ایک شرط ہے وہ یہ ہے کہ حتّٰی کا ماقبل مابعد کا سبب ہو۔ مَرِضَ حَتّٰی لَا یَرْجُوْنَہٗ

س: حتّٰی حرف ابتداء کب بنے گا؟

(1) حتّٰی حرف ابتداء کیلئے ضروری ہے کہ حتّٰی کا مابعد جملہ مستانفہ ہو جو اس کے ماقبل پر معلق نہ ہو۔ مکان سیری حتّٰی ادخلھا،

کان ناقصہ اپنی خبر کے بغیر نہیں آتا اسی وجہ سے حتی مستانفہ نہیں لیا جائے گا۔

(2) ماقبل مابعد کا سبب ہو۔ اسرت حتی تدخلہا لترکیب لتو درست ہے مگر تدخل کو اگر رفع دیں تو ماقبل مابعد کا سبب بن گا جو کہ درست نہیں کیونکہ سبب مشکوک عنہ ہے اور مسبب امر معلوم ہے یعنی سببیت درست نہیں

کان تامہ ثبت کے معنی میں ہوتا ہے

(2) لام کی: (ماقبل مابعد کا سبب ہو) اسلمت لأدخل الجنۃ

(3) لام جحود (لام تاکید): جو کان منفی کے بعد آئے
ما کان اللہ لیعذبہم

(4) فاء: اس کی بھی دو شرطیں ہیں (1) ماقبل مابعد کا سبب ہو
(2) فاء سے پہلے امر، نہی، استفہام، تمنی، نفی، عرض ہو

امر: زرنی فاکرمک — تمنی: لیت لی مالا فانفقہ
نہی: لا تشتمنی فاضربک — نفی: ما تاتینا فاکرمک
استفہام: هل عندک ماء فاشربہ — عرض: الا تنزل بنا فتصیب خیرا

(5) الواو: اس کے لیے بھی دو شرطیں ہیں (1) جمعیت (2) واو سے پہلے امر، نہی، استفہام، تمنی، نفی، عرض ہو

امر: زرنی واکرمک — تمنی: لیت لی علما وانفقہ
نہی: لا تاکل وتشرب اللبن — نفی: ما تاتینا وتکرمک
استفہام: هل عندک ماء واکل طعاما — عرض: الا تنزل بنا وتصیب خیرا

(6) أَوْ: اسکی ایک شرط ہے لا الی اَن یا اِلَّا اَن کے معنی میں ہو جیسے
لَأَلْزِمَنَّكَ أَوْ تُعْطِيَنِي حَقِّي أي لَأَلْزِمَنَّكَ إِلَى أَن
أَوْ إِلَّا وَقْتَ أَن تُعْطِيَنِي حَقِّي۔

(7) حروف عاطفہ: حروف عاطفہ کے بعد ان تب مقدر ہوتا
ہے جب معطوف علیہ اسم ہو چاہے صریح ہو جاءَ زیدٌ ویضربَ
یا غیر صریح ہو اَعْجَبَنِي أَنْ يَضْرِبَ زيدٌ فَيَشْتُمَ عَمْرًا

س7: اَن کو مقدر کرنا کب جائز ہے اور کب واجب ہے؟

ج: لام کی (اسلمت لا دخل الجنة / لأن أدخل الجنة) اور حروف
عاطفہ (أعجبني قيامك وأن تذهب / تذهب) ان
دونوں کے بعد اَن کو ظاہر کرنا اور نہ کرنا دونوں
جائز ہے
جب لا حرف نفی ہو لام کی آجائے تو اَن کو ظاہر کرنا واجب
ہے جیسے لِئَلَّا يَعْلَمَ أَهْلُ الْكِتَابِ ★

س8: جوازم مضارع تحریر کریں؟

ج: لَمْ، لَمَّا، لام امر، لا نہی، کلمہ مجازات (ان، مہما
اذما، اذا ما، حیثما، این، متی، ما، من، ای، انی۔

نوٹ: مضارع کو کیفما اور اذا کیساتھ جزم دیتا شاذ

(1) لَمْ: مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے لم یضرب
زیدٌ ای ما ضرب

(2) لَمّا: یہ بھی مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے لیکن یہ استغراق کے ساتھ خاص ہوتا ہے یہ متکلم کے زمانہ تکلم تک کی نفی کرتا ہے۔
جیسے لَمَّا یَضْرِبْ اس نے ابھی تک نہیں مارا

(3) لامِ امر: جس کے ذریعے فعل کو طلب کیا جائے لِیَضْرِبْ

(4) لائے نفی: جس کے ذریعے فعل کے طلب کو ترک کر دیا جائے لَا تَضْرِبْ

(د) کلمہ مجازاۃ: یہ دو فعلوں پر داخل ہوتے ہیں پہلے کو سبب دوسرے کو مسبب کہتے ہیں ان دونوں کو شرط و جزا بھی کہتے ہیں اِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ

س: کیا لَمَّا کے فعل کو حذف کرنا جائز ہے

ج: جی ہاں لَمَّا کے فعل کو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاربت المدینۃ ولَمَّا ای ولَمَّا ادخلہا جبکہ لَمْ میں ایسا نہیں

طالبِ دعا؛

محمّد (عرف) شہزاد
رضا عطاری قادری
حنفی

Saturday, 13 July 2019